# 13-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ گجرات اے ٹی ایس ٹیم نے احمد آباد میں طیارہ حادثہ کے مقام سے ڈیجیٹل ویڈیو ریکارڈر برآمد کرلیا ہے۔ معاملہ کی جانچ جاری ہے۔

۲۔ ریاستی وزیر آئی ٹی وی صنعت ڈی سریدھر بابو نے عالمی شرکت داروں سے کہا کہ وہ تلنگانہ میں اپنا سرمایہ مشغول کریں۔

۳۔ فارمولہ ای ریس کیس میں اینٹی کرپشن بیورو نے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کو 16 جون کو ایجنسی کے سامنے حاضر ہونے کے لئے سمن جاری کیا ہے۔

۴۔ محکمہ موسمیات نے نرمل، نظام آباد، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور جوگولامبا گدوال میں کل شدید بارش کی پیش قیاس کی ہے۔

KTR:

حیدرآباد فارمولہ ای ریس میں مبینہ بے ضابطگیوں کے کیس میں اینٹی کرپشن بیورو نے بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ کو ایجنسی کے سامنے حاضر ہونے کے لئے نئی تاریخ دی ہے۔ اے سی بی نے سمن جاری کرتے ہوئے کے ٹی آر کو آئندہ پیر 16 جون کو حاضر ہونے کا نوٹس جاری کیا ہے۔

BRS:

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے تلنگانہ کی کانگریس حکومت پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا کہ حکومت نے زرعی اور تعلیمی شعبوں کو نظر انداز کر دیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ میں کے ٹی آر نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت کسان طبقے اور تعلیمی نظام کے تئیں سنجیدہ اقدامات کرنے میں ناکام ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حالانکہ مانسون کا سیزن شروع ہو چکا ہے کہ لیکن حکومت کے پاس کسانوں کی اسکیم کے نفاذ کا کوئی خاکہ یا تیاری نہیں ہے۔

Weather:

محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ فی الحال جنوبی مغربی مانسون ریاست میں معمول کے مطابق ہے۔محکمہ نے ریاست بھر میں مختلف مقامات پر آئندہ چھ دنوں کے دوران شدید بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔اپنی یومیہ رپورٹ میں محکمہ نے بتایا کہ ریاست کے تمام اضلاع میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔اسی مدت کے دوران ریاست کے بعض علاقوں میں ہلکی تا اوسط بارش ہوسکتی ہے۔ گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران محبوب نگر ضلع میں بھاری بارش ہوئی ہے۔

Singareni:

سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ نے قومی سطح کی تحقیقی ادارے کونسل آف سائنٹیفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ،انسٹیٹیوٹ آف منرلز اینڈ میٹریل ٹیکنالوجی کے ہمراہ ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے ہیں۔سائنٹیفک ریسرچ، ایکسپلوریشن، اپلیکیشن آف اڈوانسڈ ٹیکنالوجیز، اہم معدنیات کے پروڈکشن اور کانکنی کے ماحول دوست طریقے اختیار کرنے میں تعاون واشتراک کے لئے یہ ایم او یو کیا گیا ہے۔ریاست کے زیرانتظام کانکنی کمپنی نے ایک پریس ریلیز میں بتایا کہ سی ایس آئی آر۔آئی ایم ایم ٹی کے بھونیشور میں واقع دفتر میں ایم او یو پر دستخط کئے گئے۔ اس موقع پر بلرام نے کہا کہ یہ معاہدہ سنگارینی کے اہم منرل شعبہ کے دائرہ کو مزید وسیع کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

SC COMMISSION

شیڈول کاسٹ کے قومی کمیشن نے تلنگانہ اور آندھرا پردیش حکومتوں کو ہدایت دی کہ مظالم کرنے والے متعلقہ عہدیداروں کے خلاف کارروائی کی جائے اور اس ضمن میں پندرہ دن کے اندر رپورٹ داخل کی جائے۔کمیشن نے ایس سی ریسیڈنشیل ویلفیر اسکول کے طلبہ کے خلاف ایک سینئر آئی اے ایس آفسر کے نازیبہ ریمارک اور آندھرا پردیش میں ایک پولیس عہدیدار کی جانب سے سڑک پر شیڈول کاسٹ سے تعلق رکھنے والے ایک لڑکے کی پٹائی کا ازخود نوٹ لیا ہے۔تلنگانہ کے محکمہ سماجی بہبود کے پرنسپل سکریٹری سریدھر اور آندھرا پردیش کے ایک عہدیدار تری پاٹھی آج کمیشن کے روبرو حاضر ہوئے۔کمیشن کے رکن وی رام چندر نے حیدرآباد میں ہوئے

واقعات کی سماعت کی۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے رام چندر نے کہا کہ انہوں نے دونوں ریاستوں کی حکومت کو متعلقہ عہدیداران کے خلاف فوری کارروائی کرنے کی ہدایت دی ہے۔

SOUND BYTE

PLANE CRASH

گجرات اے ٹی ایس ٹیم نے احمد آباد میں طیارہ حادثہ کے مقام سے ڈیجیٹل ویڈیو ریکارڈر برآمد کرلیا ہے۔ تاہم ایرلائن نے ابھی تک بلیک باکس کی برآمدگی کے تعلق سے باضابطہ کوئی سرکاری بیان جاری نہیں کیا ہے۔ اس واقعہ کی تحقیقات جاری ہے اور سیکورٹی ایجنسیاں حادثہ کے مقام پر تلاشی کارروائیاں انجام دے رہی ہیں۔ جانچ میں تعاون کیلئے فارنسک ماہرین کی ایک ٹیم بھی جائے وقوع کا دورہ کرسکتی ہے۔ اسی دوران سیول ہسپتال میں زیرعلاج زخمیوں کی جان بچانے کے لئے بڑی تعداد میں لوگ خون کا عطیہ دینے کے لئے پہنچ رہے ہیں۔ ہندوستانی فوج کی جانب سے احمد آباد کے ملٹری کنٹونمنٹ میں خون کا عطیہ کیمپ منعقد کیا گیا۔

CHARGE

2010 بیچ کی آئی اے ایس آفسر ہری چندنا داسری نے آج دوپہر حیدرآباد ضلع کلکٹر کے عہدہ کا جائزہ حاصل کیا۔ انہوں نے جولائی 2023ء سے اِس عہدہ پر فائز رہے۔ سال 2018ء بیچ کے آفسر انودیپ دری شیٹی سے عہدہ کا جائزہ حاصل کیا۔ ریاستی حکومت کی جانب سے کل چھتیس آئی اے ایس آفسران کے تبادلے کئے گئے۔ ہری چندنا محکمہ عمارات وشوارع میں خصوصی سکریٹری کے عہدہ پر فائز تھی۔

MOBILE

کھمم ڈسٹرکٹ کے ایڈیشنل ڈی سی پی پرسادراؤ نے جانکاری دی کہ سنٹرل اکیوپمنٹ آئیڈنٹیٹی رجسٹر پورٹل کے ذریعہ کھوئے ہوئے 13 موبائل فونس کو ٹریک کیا گیا اور انہیں متعلقہ مالکان کے حوالہ کیا گیا۔ کمشنریٹ آئی ٹی سیل کی ٹیم نے موبائل مالکان کی جانب سے سی ای آئی آر پورٹل پر شکایت درج کرنے کے بعد ان کے فونس کا پتہ لگایا۔ پرسادراؤ نے بتایا کہ برآمد کردہ فونس کی مالیت تقریباً چار لاکھ روپے ہے۔

REV WEATHER

محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ فی الحال جنوبی مغربی مانسون ریاست میں معمول کے مطابق ہے۔محکمہ نے ریاست بھر میں شدید بارش جاری رہنے کی پیش قیاسی کی ہے۔اپنی یومیہ رپورٹ میں محکمہ نے بتایا کہ ریاست کے مختلف اضلاع نرمل، نظام آباد، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور جوگولامبا گدوال میں کل موسم اسی طرح برقرار رہ سکتا ہے۔محکمہ نے مزید کہا کہ ریاست کے تمام اضلاع میں آئندہ پانچ دنوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔اسی مدت کے دوران ریاست کے بعض علاقوں میں ہلکی تا اوسط بارش ہوسکتی ہے۔گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران محبوب نگر ضلع میں بھاری بارش ہوئی ہے۔

WEF

آندھراپردیش کواختیارات اور پائیدار ترقی کا عالمی مرکز بنانے کی جانب ایک اہم پیشرفت میں ریاستی حکومت نے دارالحکومت امراوتی میں ورلڈ اکنامک فورم آندھراپردیش سنٹر فار انرجی اینڈ سائبر ریزی لینس قائم کرنے کے لئے ورلڈ اکنامک فورم سے اشتراک کیا ہے۔ریاستی حکومت کے سورنا آندھراویژن 2047ء کے تحت یہ پہل کی گئی ہے۔ایک سرکاری بیان میں ڈبلیوای ایف گلوبل سنٹر فار فارتھ انڈسٹریل رویولیشن نٹ ورک کے تحت یہ مرکز قائم کیا جارہا ہے۔آندھراپردیش کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر اے آئی اور کلین انرجی شعبوں میں سرمایہ راغب کرنے کے لئے وزیراعلیٰ این چندرابابو نائیڈو اس پروجیکٹ کی قیادت کررہے ہیں۔

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر آئی ٹی وی صنعت ڈی سریدھر بابو نے عالمی شرکت داروں سے کہا کہ وہ تلنگانہ میں اپنا سرمایہ مشغول کریں۔انہوں نے کہا کہ ریاست بہتر حکمرانی کے ساتھ جامع ترقی کررہی ہے۔حیدرآباد میں منعقدہ گلوبل لیڈرس سمٹ 2025ء سے خطاب کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ تلنگانہ نے مختصر مدت کے دوران غیر معمولی ترقی حاصل کی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کی جی ڈی پی 16.12 لاکھ کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ ریاست کی جی ڈی پی مرکز کی اوسط 9.9 فیصد کے مقابلہ میں 10.1 فیصد کی شرح سے ترقی کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں فی کس آمدنی 3.79 لاکھ روپے ہے جو کہ قومی اوسط سے تقریباً 1.8 گنا زیادہ ہے۔سریدھر بابو نے مزید کہا کہ گزشتہ 18 مہینوں کے دوران ریاست نے تین لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ سرمایہ مشغول کروایا ہے۔